نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب کے تحت صوبائی سے یونین کونسل کی سطح تک باران رحمت کیلئے نماز استسقاء کی ادائیگی

لاہور:14 فروری 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ہدایت پر موجودہ موسمی حالات کے پیشِ نظر آج محکمہ زراعت پنجاب کے تحت صوبائی سے یونین کونسل کی سطح تک تمام فارمیشنز کے افسران و ملازمین نے خشک سالی کے خاتمے اور باران رحمت کے نزولِ کیلئے نماز استسقاء ادا کی۔ اس ضمن میں صوبائی سطح پر ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں نمازِ استسقاء کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران و ملازمین نے شرکت کی۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ نمازِ استسقاء میں بارانِ رحمت کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ بارانِ رحمت ہونے سے صوبہ میں گندم سمیت دیگر فصلوں پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے (انشاءاللہ)

-0-0-0-0-0-